# ذخیرۂ قرآنی الفاظ

| لفظ | معنیٰ |
|---|---|
| یَسۡـَٔلُوۡنَكَ | وہ آپ سے سوال کرتے ہیں |
| اَصۡلِحُوۡا | درست رکھو |
| وَجِلَتۡ | کانپ اٹھتے ہیں |
| یَتَوَكَّلُوۡنَ | وہ توکل کرتے ہیں |
| فِئَةً | کوئی لشکر |
| فَتَفۡشَلُوۡا | ورنہ تم کم ہمّت ہو جاؤ گے |
| بَطَرًا | اکڑتے ہوئے |
| یَصُدُّوۡنَ | وہ روکتے ہیں |
| جَارٌ | حمایتی |
| الۡفِئَتٰنِ | دونوں جماعتیں |
| عَلٰی عَقِبَیۡهِ | الٹے قدموں |

| لفظ | معنیٰ |
|---|---|
| الۡاَنۡفَالُ | مالِ غنیمت |
| ذَاتَ بَیۡنِكُمۡ | آپس کے تعلّقات |
| قُلُوۡبُهُمۡ | ان کے دل |
| لَقِیۡتُمۡ | تمھارا مقابلہ ہو جائے |
| لَا تَنَازَعُوۡا | آپس میں نہ جھگڑو |
| رِیۡحُكُمۡ | تمھاری ہوا |
| رِئَآءَ النَّاسِ | لوگوں کو دکھاتے ہوئے |
| مُحِیۡطٌ | احاطہ کیے ہوئے ہے |
| تَرَآءَتِ | آمنے سامنے ہوئیں |
| نَكَصَ | وہ بھاگا |
| الۡعِقَابِ | عذاب |

Web Version of PCTB Textbook

## مشق

**1** درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i سُوۡرَۃُ الۡاَنۡفَالِ کی کل آیات ہیں:

(الف) 75 (ب) 129 (ج) 200 (د) 286

ii سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ نازل ہوئی:

(الف) پانچ ہجری میں (ب) چار ہجری میں (ج) تین ہجری میں (د) دو ہجری میں

iii غزوۂ بدر میں مکی لشکر کا سردار تھا:

(الف) ابولہب (ب) ابوجہل (ج) ابوسفیان (د) اُمیّہ بن خلف

iv غزوۂ بدر میں کافر جنگجوؤں کی تعداد تھی:

(الف) 500 (ب) 1000 (ج) 1500 (د) 2000

v غزوۂ بدر میں مسلمان مجاہدین کی تعداد تھی:

(الف) 213 (ب) 313 (ج) 413 (د) 513

vi غزوۂ بدر اسلام اور کفر کے درمیان جنگ تھی:

(الف) پہلی (ب) دوسری (ج) تیسری (د) چوتھی

vii مکّہ والوں کے تجارتی قافلے کا سردار تھا:

(الف) ابولہب (ب) امیّہ بن خلف (ج) ابوسفیان (د) ابوجہل

viii غزوۂ بدر کا دوسرا نام ہے:

(الف) یوم الفرقان (ب) غزوۂ احزاب (ج) جیش العسرۃ (د) جنگِ فجار

ix سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ میں احکام بیان ہوئے ہیں:

(الف) جہاد کے (ب) نماز کے (ج) پردے کے (د) حج کے

x سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ میں اہلِ مکّہ کو انجام سے ڈرایا گیا ہے:

(الف) قومِ ثمود کے (ب) قومِ عاد کے (ج) بنی اسرائیل کے (د) آلِ فرعون کے

## 2 مختصر جواب دیجیے۔

i اَنفال یعنی مالِ غنیمت سے کیا مراد ہے؟

ii اسلام سے پہلے مالِ غنیمت کے بارے میں کیا تصوّر تھا؟

iii غزوۂ بدر کو یوم الفرقان کیوں کہا جاتا ہے؟

iv غزوۂ بدر کب اور کہاں پیش آیا؟

v غزوۂ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

vi سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

Web Version of PCTB Textbook

vii سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کے آغاز میں کس چیز کی تعلیم دی گئی ہے؟

viii سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ میں اہلِ مکّہ کے کردار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟

ix مال و اَولاد کی محبّت فتنہ کب بنتی ہے؟

x سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

## 3 تفصیلی جواب دیجیے۔

i سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کا تعارف تحریر کریں۔

ii غزوۂ بدر پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

iii سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ کے بنیادی مضامین اور اہم نِکات پر روشنی ڈالیں۔

## 4 درج ذیل قرآنی الفاظ کا ترجمہ لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| يَسْـَٔلُوْنَكَ | يَصُدُّوْنَ | لَا تَنَازَعُوْا | تَرَآءَتْ |
| اَصْلِحُوْا | جَارٌ | رِيْحُكُمْ | نَكَصَ |

## 5 درج ذیل قرآنی آیات کا بامحاورہ ترجمہ لکھیے۔

i اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝٢

ii اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ۝٤

iii يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۝١٥

iv يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝٤٥

v وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝٤٧

Web Version of PCTB Textbook

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

- ★ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کی آیت ساٹھ (60) ﴿وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّ مِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَ اٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝٦٠﴾ کی روشنی میں عسکری تیاری کی اہمیّت سے آگاہی حاصل کریں۔
- ★ اسلام میں جہاد کی شرعی حیثیت کے بارے میں تحقیق کریں۔
- ★ ہجرت مدینہ کے بعد نبی اکرم خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مدینہ منوّرہ میں اندرونی اور بیرونی استحکام کے لیے بہت سے اقدامات فرمائے، جو تمام سربراہانِ مملکت کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ سیرت طیّبہ کی کتابوں سے ان کی تفصیل تلاش کر کے ایک فہرست بنائیں۔

Web Version of PCTB Textbook

## ہدایات برائے اساتذۂ کرام:

- ★ طلبہ کو غزوۂ بدر کے بارے میں مزید معلومات فراہم کیجیے۔
- ★ اسلام میں مالِ غنیمت کی تقسیم کا اصول سمجھائیے۔
- ★ طلبہ میں قرآنِ مجید کی تلاوت کے آداب کا مذاکرہ کرائیں۔
- ★ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کے مرکزی مضامین پر خصوصی توجہ دیجیے۔
- ★ قرآنی نصوص/متن سے متعلّق سوال جواب کے ذریعے طلبہ کی استعداد میں اضافہ کیجیے۔
- ★ سابقہ اَسباق کے اِعادے کا اصول اپنائیں۔
- ★ طلبہ کو سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کے تعارف، فضائل، مرکزی مضامین اور اہم نِکات پر مشتمل تفصیلی مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات کے امتحانی جائزہ کے لیے تیار کیجیے۔
- ★ طلبہ کو سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کے منتخب الفاظ کے امتحانی جائزے کے لیے تیار کیجیے۔
- ★ طلبہ کو سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کے درج ذیل حصّے کے بامحاورہ ترجمے کے امتحانی جائزے کے لیے تیار کیجیے:

سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ، آیت 01 تا 04 　　 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ، آیت 15 　　 سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ، آیت 45 تا 48

## کیا آپ جانتے ہیں!

جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی مخالفت کرتا ہے، اس کے لیے سخت عذاب الٰہی کی وعید ہے۔ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ کی آیت 13 میں ارشادِ ربّانی ہے:

وَ مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝١٣

اور جو اللہ اور اس کے رسول (خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ) کی مخالفت کرتا ہے تو بے شک اللہ بہت سخت عذاب دینے والا ہے۔